باؤبیب

افریقہ کے ایک جزیرہ نما ملک میں یہ عجیب وغریب درخت پایا جاتا ہے۔اس درخت کو زندگی بخش درخت بھی (Tree of Life) کہا جاتا ہے کیونکہ اس کے بے شمار فوائد ہیں۔

آپ کو یقیناً یہ سن کر حیرت ہو گی کہ اس کا موٹا سا پیٹ نما تنا ایک لاکھ 20 ہزار لیٹر پانی سٹور کر سکتا ہے ۔اس درخت کی اونچائی 30 میٹر تک اور اس کا قطر (گولائی)7 سے 11 میٹر تک ہوتی ہے۔

اس درخت کی چھال بہت موٹی ہوتی ہے اور آگ کے خلاف مزاحمت میں اہم ثابت ہوتا ہے یعنی اس کی لکڑی کا جلنا بہت مشکل ہوتا ہے۔اس کے علاوہ مقامی لوگ چھال سے کپڑا بھی بناتے ہیں۔اس چھال کو بہت سارے جانور بطور خوراک استعمال کرتے ہیں۔اس درخت پر ایک خاص قسم کا پھل لگتا ہے جو وٹامن سی اور معدنیات سے بھرپور ہوتا ہے۔اس درخت کو صابن اور ربڑ بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔نیز اس سے گھروں کی کھڑکیاں اور چھتیں بنائی جاتی ہیں۔جو کہ مضبوطی میں اپنی مثال آپ ہوتے ہیں۔

اہم بات یہ ہے کہ سال کے نو مہینے یہ درخت پتوں سے محروم رہتے ہیں۔ان کے پتوں میں وٹامن اے،سی،پروٹین اور معدنیات ہوتے ہیں۔اور اس کے پتوں کو پالک کی طرح کھایا جا سکتا ہے۔

میڈاگاسکر میں ایک جگہ ہے جسے (Baobab Avenu) کہتے ہیں۔اس علاقے میں یہ درخت کافی تعداد میں پائے جاتے ہیں اور ہر سال دنیا بھر سے سیاح یہاں آتے ہیں۔

بہت زیادہ کٹاؤ کی وجہ سے یہ درخت معدومیت کے خطرے میں داخل ہو چکا ہے۔